Agreement for Qura Chit ،Organized by Al Meezan Society
Reg. No.539/25

قرعہ چِٹ کے قواعد و شرائط

1 المیزان سوسائٹی کے تحت فلاحی وتعلیمی امور کے علاوہ **قرعہ چِٹس بھی(بلا سودی نہج) مقررہ کےلئے چلائی جائے گی۔جو اس کے رجسٹرڈممبران تک محدود ہوگی۔**

2۔ ہر چِٹ کی ماہانہ اقساط اور ماہ کی تعداد الگ ہو سکتے جنکی مجموعی رقم متعین ہوگی۔

3۔ چِٹ میں سبسکرائبرزکی تعداد ماہانہ اقساط کی تعداد سے 10 یا 15 زائد ہو سکتی ہے ، تاکہ انعام حاصل کرنے والے سبسکرائبرز کے لئے ' جملہ رقم کی بروقت ادائیگی کو یقینی بنایا جا سکے اور تاخیر سے ہونے والی ادائیگیوں یا نادہندگی کا انتظام کیا جا سکے۔ اگرکچھ سبسکرائبرز باقی رہ جائیں تو انہیں ان کی رقم آخری ماہ میں دی جائے گی۔ تمام سبسکرائبرز کا المیزان سوسائٹی کا اکاؤنٹ ہولڈر ہونا ضروری ہے۔ نئے ممبران کو ناقابلِ واپسی اکاؤنٹ رجسٹریشن فیس ادا کرنی ہوگی۔ ایک اکاؤنٹ ہولڈر کے پاس بیک وقت زیادہ سے زیادہ پانچ چِٹس، یا ایسی چِٹس جن کی مجموعی ماہانہ قسط زیادہ سے زیادہ ایک لاکھ روپے ہو، ہو سکتی ہیں۔

4۔ ہر اکاؤنٹ ہولڈر سےہر نئی چِٹ میں داخلہ کے وقت ماہا نہ مینٹنس کی ناقابلِ واپسی فیس وصول کی جائے گی۔

5۔ ماہانہ اقساط ہر ماہ کی **چودہ تاریخ نو بجے شب 'سے قبل** المیزان سوسائٹی کے متعلقہ اہلکاروں کے پاس جمع کرانا ہوگا۔ بصورت دیگر **سبسکرائبرکا نام**اس ماہ کی قرعہ اندازی میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

6۔ اقساط **نقد یا سوسائٹی کی ہدایت کے مطابق** ادا کی جائیں گی۔ سبسکرائبرز کو ادائیگی کی رسید حاصل کرنا، اور (سوسائٹی کی ویب سائٹ: **المیزان سوسائٹی ڈاٹ وہ آر جی)** پر اپنے اکاؤنٹ میں داخل ہو کر آن لائن اندراج کی تصدیق کرلیناہوگا، اگرنام کے اندراج میں کسی بھی انسانی غلطی کی صورت میں اس کی اطلاع ' قرعہ اندازی کے دن **دوپہر ایک بجے تک**سوسائٹی کے اہلکارونکودینا ہوگا تاکہ غلطی درست کی جاسکے۔

7۔ قرعہ اندازی ہر ماہ کی **پندرہ تاریخ کو رات نو بجے شارپ پرنٹرز، نیو ٹاؤن، محبوب نگر** میں، حاضر سبسکرائبرز کی موجودگی میں منعقد کی جائے گی۔ کسی بھی تبدیلی، نوٹس اورقرعہ اندازی کی اطلاع سوسائٹی کی ویب سائٹ کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔

8۔ اگر کوئی سبسکرائبر چٹ کے جملہ اقساط میں سے ساٹھ فیصد سے کم اقساط ادا کی ہوں تو اسے نادہندہ تصور کیا جائے گا۔ ایسی صورت میں جمع شدہ رقم نہ تو کسی دوسری چِٹ میں منتقل کی جائے گی اور ایک ماہ کی قسط کے مماثل رقم منہا کر کر باقی جمع شدہ رقم آخری ماہ میں ے واپس کی جائے گی ۔

9۔ انعام حاصل کرنے والے سبسکرائبر کو مطلوبہ شناختی اور ضمانتی دستاویزات جمع کرانے کے بعد، رقم **اندرون تیس دن سوسائٹی کی سہولت کے مطابق** حاصل کرنی ہوگی۔مذکورہ وقت تک رقم کی وصولی کی کاروائی مکمل نہ کرنے کی صورت میں المیزان کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ رقم کسی دوسرے ممبر کو مختص کرے ۔ رقم نقد یاالکٹرانک طریقہ سے دی جا سکتی ہے۔

10۔ ضمانت کے طور پر رہن، **مختلف افراد کے دو خالی چیکس، ایک سرکاری ملازم کی ضمانت(اگر ضروری سمجھا گیا)، یا المیزان سوسائٹی کی ضرورت کے مطابق** فراہم کی جا سکتی ہے۔

11۔ انعام حاصل کرنے والےسبسکرائبر کوماہانہ اقساط ہر ماہ کی **چودہ تاریخ کے درمیان ادا کرنا لازم ہوگا مذکورہ تاریخ کے بعد** کی جانے والی تاخیر سے ادائیگی پرچٹ کے رقم کی صفراعشاریہ ایک فیصد **روپے جرمانہ** 'حسابی تصاعد کے مجموعہ کی صورت میں عائد ہوگا، المیزان سوسائٹی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ جرمانے کی رقم اسی اکاؤنٹ کے تحت چلنے والی دیگر چِٹوں سے منہا کر لے۔

12۔ اگر انعام حاصل کرنے والا سبسکرائبر **مسلسل دو ادائیگیاں** نہیں کرتاہو، تب باقی تمام رقم یکمشت واجب الادا ہو جائے گی، اور ضمانت فراہم کرنے والا شخص بقایا رقم ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

13۔ اگر سبسکرائبر بقایا رقم ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو **ضمانت فراہم کرنے والے افراد** بقایا رقم ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔

14۔ اگر انعام حاصل کرنے والا اپنے انعام کی رقم کسی دوسرے سبسکرائبر کو منتقل کرنے کا اختیار استعمال کرتا ہے، تو دوسرے سبسکرائبر کو **انعام حاصل کرنے والا سبسکرائبر** تصور کیا جائے گا۔

15۔ ذمہ دار سبسکرائبر کا **قانونی طور پر بالغ** ہونا ضروری ہے، ترجیحاً مرد ہو، اور **ضلع محبوب نگر کا رہائشی** ہونا چاہیے۔

16۔ المیزان سوسائٹی کو کسی بھی **اضافی رقم** کا ، سوسائٹی کے مفاد میں استعمال کرنے کا حق حاصل رہے گا۔

17۔ المیزان سوسائٹی کو یہ حق حاصل ہوگاکہ ایک یا اس سے زائدشرائط مزید جوڑیں ، یا کسی بھی مرحلے پر **کسی بھی درخواست، ممبر یا اکاؤنٹ کو مسترد کرے ۔**

متعارف کنندہ: میں ------------------------------ **المیزان کاونٹ نمبر** ----------------- **جناب** ---------- ---------------------------------- **کو** ------**عرصہ سے جانتا ہوں ،اور انکی صداقت و دیانت داری کی گواہی دیتا ہوں۔اور انکو المیزان سوسائٹی کے قرعہ چِٹ میں شمولیت کے لئے متعارف کرتا ہوں۔** **دستخط :** **تاریخ**	**اقرارنامہ : میں** -- **ولد** -- **آدھار نمر** ------------------------------ **نے المیزان سوسائٹی کے قرعہ چِٹ کے طریقۂ کار کے تمام قواعد و شرائط کو پڑھ لیا ہے، سمجھ لیا ہے اور ان سے اتفاق کرتا/کرتی ہوں، اور میں اپنی رضامندی سےقرعہ چِٹ میں شامل ہو رہا/رہی ہوں** **دستخط :** **تاریخ:**